13/01/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج وسطی کشمیر کے ضلع گاندربل میں سٹریٹجک اہمیت کے حامل سونہ مرگ ٹنل پروجیکٹ کا افتتاح کر رہے ہیں ۔ جدید ترین سہو□یات سے□یس سونہ مرگ ٹنل کی بدو□ت کشمیر وادی اور□داخ کے درمیان کل موسمی زمینی رابطے کی سہو□ت پیدا ہوگی ۔ٹنل کی افتتاحی تقریب کے حاشئے پر وزیر اعظم ، انجینئرنگ کے اس شاہکار کی تعمیر کے□ئے متعلقہ انجینئروں اور ورکروں کے ساتھ بات کر کے انہیں شاباشی دیں گے۔

پیش ہے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ۔

ٹنل

سونہ مرگ ٹنل کی بدو□ت اس روڑ پر سفر آسان ہو گا کیونکہ اب گاڑیاں تیس کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار کے بجائے 70 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلا کریں گی ۔

اس کے علاوہ□داخ اور کشمیر خطے خاص طور پر سونہ مرگ میں تجارتی اور سیاحتی سرگرمیوں میں زبردست اضافہ ہو گا ۔ سونہ مرگ میں سرمائی اور مہم جویانہ سیاحت کو خاص طور پر فروغ ملنے کی توقع ہے ۔

اس دوران وزیر اعظم کے دورہ گاندربل کے تناظر میں پورے علاقے میں سیکورٹی کے معقول بندوبست کئے گئے ہیں۔

ٹنل کے آغاز پر نہ □رف سونہ مرگ بلکہ کرگل کے علاقوں میں ہوٹل ما□کان ، گھوڑے بان اور شعبہ سیاحت سے جُڑے سبھی□وگ نہایت خوش اور شادمان نظر آ رہے ہیں کیونکہ اس اہم پروجیکٹ کی بدو□ت ان کے روزگار میں کافی اضافہ ہو گا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے کہا ہے کہ□وگوں کی سماجی و معاشی حا□ت میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانا موجودہ سرکار کی اعلیٰ ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ آر ایس پورہ جموں میں ایک تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے جو جاٹ سبھا کی طرف سے منعقد کی گئی تھی۔

انہوں نے سرکار کی طرف سے□وگوں پر مرکوز پا□یسی اقدامات کا ذکر کر تے ہوئے کہا کہ سرکار کسی بھید باؤ کے بغیر مساوی بنیادوں پر ترقی کے اقدام عمل میں لا رہی ہے۔

پو□یس

منشیات کے خلاف اپنی کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے جموں کشمیر پو□یس نے شما□ی کشمیر سے چھ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر□ی ہے ۔

پکڑے گئے افراد کے نام محمد شعبان ساکن دود بُگ // معراج احمد نجار اور شبیر احمد بکروال ساکنانِ بابا گیل□ِمبر // اشفاق احمد ماگرے اور داود احمد ماگرے ساکنانِ دود بُگ اور ماجد اشرف خان ساکن پیٹھ سیر سوپور بتائے گئے ہیں ۔ پو□یس نے سبھی افراد کے خلاف معاملہ درج کر کے تحقیقات شروع کی ہے ۔

کی ایک ٹیم کے ہمراہ معدنیات کی Geology and Mining دریں اثناءسوپور پو□یس نے محکمہ غیر قانونی نکاسی میں ملوث ایک ٹریکٹر کو ضبط کر کے اس کے ڈرائیور کو گرفتار کر□یا ہے ۔

مختص□ر خبریں

اور اب پیش ہےں چند مختص□ر خبریں

*.... اتر پردیش کے پریاگ راج میں آج پاش پورنیما کے موقعے پر مہا کمبھ میلہ شروع ہو گیا، جو 26 فروری تک جاری رہے گا۔ لاکھوں شردھا□و گنگا ، جمنا اور سرسوتی دریاو

ں کے سنگم (تروینی سنگم) کے مختلف گھاٹوں پر اِسنان کر رہے ہیں ۔

----V/O----

*.... شما□ی بھارت میں فص□لوں کی کٹائی کا تہوار□وہری آج منایا جا رہا ہے ۔ یہ تہوار خاص طور پر پنجاب ، ہریانہ ، ہماچل پردیش ، د□ی ، چندی گڑھ اور جموں میں منایا جا تا ہے ۔□وہری کا تہوار اس خطے میں سردیوں کے اختتام اور گرمی کے موسم کی آمد کی علامت ہے۔

*.... □در جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب □در جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریند رمودی ،□یفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر کئی اہم شخ□یات نے□وہری کے موقعے پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔

ستیش شرما

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ستیش شرما نے نئی د□ی میں وزیر کھیل کود ڈاکٹر مانسکھ مانڈویہ سے ملاقات کر کے ان سے جموں کشمیر کی مجموعی ترقی اور خاص طور پر نوجوانوں اور کھیل کود سے جڑے معاملات پر تف□یلی تباد□ہ خیال کیا ۔

ستیش شرما نے مرکزی وزیر سے خاص طور پر جموں کشمیر کو ملک کا ایک کھیل کو دمرکز بنانے کے معاملے پر سیر حا□ل بات چیت کی ۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی طرف سے دئے گئے اب تک کے تعاون کی بدو□ت جموں کشمیر میں کھیل کود کا بنیادی ڈھانچہ مستحکم ہونے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں میں بھی کھیل کود سے جُڑ نے کی رغبت مزید بڑھ گئی ہے ۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

□بتہ سرینگر سونہ مرگ روڈ// بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کے□ئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 5 اعشاریہ 1ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ